



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# مَدَنی پھول برائے ماہِ ربیع الاوّل

**﴿عالمی مجلس مشاورت (دعوت اسلامی)﴾**

رہے گا یوں ہی ان کا چرچا رہے گا　　　پڑے خاک ہو جائیں جل جانے والے　　　(حدائق بخشش)

اس بار اس قدر چراغاں فرمایئے اِتنے پرچم لہرایئے اور اس قدر تقسیمِ رسائل کیجیے کہ سابقہ سارے ریکارڈ ٹوٹ جائیں۔

تم بھی کر کے ان کا چرچا اپنے دل چمکاؤ　　　اونچے میں اونچا نبی کا جھنڈا گھر گھر میں لہراؤ　　　(سرمایۂ بخشش)

آیئے! نیت کرتے ہیں کہ شرعی و تنظیمی پابندیوں کے ساتھ خوب خوب جشن ولادت کی دھومیں مچائیں گے۔

اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم

یاد رہے! ہر نیک عمل میں ثوابِ آخرت کی نیت ہونا ضروری ہے ورنہ ثواب نہیں ملے گا۔ جشن ولادت منانے میں بھی ثواب کمانے کی نیت ضروری ہے ثواب کی نیت کے لئے عمل کا شریعت کے مطابق اور زیورِ اخلاص سے مُزیَّن ہونا شرط ہے ﴿جشن ولادت منانے کی نیتیں رسالہ "صبح بہاراں" میں ملاحظہ فرمایئے﴾

یاد رہے کہ "**مدنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے۔**"

(شوریٰ وکابینہ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول 22 تا 26 اگست 2013ء)

﴿1﴾ "**مدنی پھول برائے ماہِ ربیع الاوّل**" کے مدنی مشورے سے قبل ہر سطح کی نگران اسلامی بہن اپنی ماتحت ذمہ داران کو یہ بتادیں کہ

☆ مدنی مشورے کا دورانیہ 2 گھنٹے 26 منٹ ہوگا۔

☆ مدنی مشورے میں مکمل وقت شرکت کی جائے۔ (بہتر ہے کہ یہ معمول والے ماہانہ مشورے میں ہی کرلیا جائے)

﴿2﴾ مدنی پھول ملتے ہی اُسی ہفتے ہر سطح کی نگران اسلامی بہن اپنی ماتحت ذمہ داران کو متعلقہ مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز اور بالخصوص "**کارکردگی برائے حجاب یا نقاب والا برقع**" سمجھائیں۔

☆ اگر مدنی مشورے میں کوئی اسلامی بہن غیر حاضر رہے تو بعد میں مناسب وقت دے کر مدنی پھول سمجھائے جائیں۔

☆ مدنی مشورے میں یہ بات بتادی جائے کہ اس شعبے سے متعلق پچھلے تمام پیپرز کو محفوظ کرلیا جائے کیونکہ اس میں حسبِ ضرورت ہونے والی ترمیم کو الگ رنگ سے انڈر لائن کے ذریعے واضح کر دیا جاتا ہے۔

☆ ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران سے کنفرم (confirm) کرلیں کہ ان کے پاس گذشتہ سال کے مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز موجود ہیں؟ اگر موجود ہوں تو اِس بار واضح کی گئی ہائی لائٹنگ کی مدد سے پہلے سے موجود ریکارڈ پیپرز میں مدنی مشورہ کے آغاز سے قبل ہاتھوں ہاتھ اضافے کروالیں اور وہ پیپر جو مکمل ہائی لائٹ ہوں یا جس میں الگ رنگ سے بہت زیادہ تبدیلیاں کی گئی ہوں ان کے فائنل والے (مکمل بلیک) کے پرنٹ نکالے جائیں اور وہی post/mail کروائے جائیں۔

☆ اگر گذشتہ سال کے پیپرز موجود نہ ہوں تو فائنل والے مکمل بلیک مدنی پھول برائے ربیع الاوّل مع ریکارڈ پیپرز فہرست" میں موجود کالم "کس سطح کی ذمہ دار کو دیا جائے" کے مطابق پرنٹ نکالیں اور post/mail/پاؤڈر کاپی کرواکر دیں ۔مثلاً کارکردگی فارمز کے لیے یہ ہو کہ ذیلی نگران کو صرف "ذیلی سطح" کا فارم دیا جائے، پاکستان میں یوسی نگران کو " یوسی اور ذیلی حلقے" کا فارم اوراوورسیز میں ڈویژن نگران کو ڈویژن اور ذیلی کا فارم دیا جائے۔ عَلٰی ھٰذَا القِیاس۔ post/mail یا پاؤڈر کاپی کرواکر دیجئے۔

☆ ہر سطح کی مشاورت نگران اپنی ماتحت ذمہ داران کو "**مدنی پھول برائے ربیع الاول**" صفحہ نمبر کی ترتیب کو پیشِ نظر رکھ کر (حسبِ ضرورت) لفافے میں ڈال کر دیں جہاں بالمشافہ مدنی مشورہ ممکن ہو۔ اور جن کے پاس اسمارٹ فون نہ ہو تو ان کو مشورے میں معلوماتی فارم کی مدد سے ہاتھوں ہاتھ تبدیلیاں نوٹ کروائی جائیں۔

( **معلوماتی فارم** ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی سطح کی تمام شعبہ جات ذمہ داران کو "**ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو Update کرنے والے مدنی پھول** (**ربیع الاوّل**) " Post/mail یا پاؤڈر کاپی کروا کر دیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿3﴾ نگران عالمی مجلس مشاورت "**مدنی پھول برائے ربیع الاول سے متعلق نگران عالمی مجلس مشاورت کے کام**" کے عمل کریں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿4﴾ کراچی کی ڈویژن نگران اسلامی بہن ماہِ صفر المظفر کے ابتدائی دنوں میں "**ماہِ ربیع الاوّل کے مخصوص کُتب و رسائل کی فہرست**" کی پاؤڈر کاپی کرواکر مطلوبہ کُتب و رسائل کے لیے مکتبۃ المدینہ سے آرڈر بُک کروائیں۔ تاکہ اس کے مطابق ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں بستوں کے ذریعے خریدنے اور تقسیم کروانے کی ترغیب دلائی جاسکے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ بیرونِ ملک کی اسلامی بہنیں شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (زون سطح) کے ذریعے مکتبۃ المدینہ سے آرڈر بُک کروائیں۔

☆ مکتبۃ المدینہ ذمہ داران کو مخصوص سیزن کے حساب سے کتب و رسائل سیل کرنے کے اہداف دیئے جائیں۔

## اہداف کا طریقۂ کار

﴿1﴾ "**کارکردگی برائے حجاب یا نقاب والا برقع**" (**ذیلی حلقہ تاعالمی سطح**)" کی مدد سے اپنی ماتحت ذمہ دار اسلامی بہنوں کو اعتماد میں لے کر بخوشی اہداف دیئے جائیں۔

(یہ فارمز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ اگر کسی ڈویژن (اوورسیز میں زون) میں روحانی علاج کا بستہ لگتا ہو تو ڈویژن (اوورسیز میں زون) نگران اسلامی بہن "**کارکردگی برائے حجاب یا نقاب والا برقع**" (**شعبہ روحانی علاج کی ذمہ دار اسلامی بہن** (**ڈویژن (اوورسیز میں زون) تا ملک سطح**)" کی مدد سے شعبہ روحانی علاج کی ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) کو اعتماد میں لے کر بخوشی ہدف دیں۔

☆ جو اسلامی بہنیں دوپٹہ اوڑھتی ہوں انہیں حجاب والا (برقع یا بڑی چادر جس سے چہرہ کھلا رہے) سے پردہ کرنے کے لیے تیار کیا جائے، جو حجاب والا برقع پہنتی ہوں انہیں نقاب والا برقع پہننے کے لیے تیار کیا جائے۔

﴿2﴾ ہر سطح کی نگران اسلامی بہن " تقسیمِ رسائل" ذمہ داران کو ربیع الاوّل اور ربیع الآخر میں تقسیمِ رسائل کرنے کی بھرپور ترغیب دلائیں اور اہداف بھی دیں۔ ہدف مکمل کرنے کے لیے "**تقسیمِ رسائل کا ہدف مکمل کرنے کے معاون مدنی پھول**" بھی دیئے جائیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ جہاں تقسیمِ رسائل ذمہ داران مقرر نہ ہوں وہاں پر نگران اسلامی بہن اس کام پر بھرپور توجہ رکھیں۔

☆ مکتبۃ المدینہ ذمہ داران کو اہداف دیئے جائیں کہ مخصوص سیزن کے حساب سے کتب و رسائل سیل (Sell) کیے جائیں۔

☆ جن ممالک میں مکتبۃ المدینہ کا سامان کم یا مشکل سے پہنچتا ہے یا پہنچانا تو مشکل نہیں لیکن وہاں کی اسلامی بہنیں رسائل لینے اور گھروں میں رکھنے کو تیار نہیں وہاں کی اسلامی بہنیں تقسیم رسائل کے لئے رقم جمع کر کے تنظیمی طریقہ کار کے مطابق پاکستان یا بنگلہ دیش بھجوادیں تو تقسیم رسائل پاکستان اور بنگلہ دیش کے مختلف علاقوں میں کروایا جاسکتا ہے۔

☆ اسکی کارکردگی اس متعلقہ ملک کی تقسیم رسائل کی کارکردگی میں شمار کی جائے گی پاکستان میں فیضان مرشد شعبے کے تحت جہاں لٹریچر تقسیم کرنے کی اجازت نہیں وہاں بھی اسی طرح کا نظام بنایا جاسکتا ہے۔

﴿3﴾ ہر سطح کی نگران اسلامی بہن اپنی ماتحت کو یہ ہدف دیں کہ ہر ذمہ دار 12 ایسے گھروں میں جہاں پہلے سے جھنڈے یا بلب نہ لگتے ہوں وہاں 12 بلب، جھنڈے یا جھنڈیاں لگانے کی ترغیب دلائیں ورنہ کم از کم ایک جھنڈا، ایک بلب تو ضرور لگوائیں اس کی کارکردگی لی جائے گی۔

☆ گھر گھر جھنڈے لگوانے والے اس کام میں بلڈنگ / گلی ذمہ دار سے مدد لی جائے۔

☆ محفل نعت ذمہ دار (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) کو ہدف دیا جائے کہ ہر تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) میں ایسے ذیلی حلقے جہاں دینی کام نہیں یا کمزور ہے وہاں 12 محفل نعت کروائیں۔ اس کی کارکردگی بھی لی جائے گی۔

☆ **"جنّت کے آٹھ دروازوں کی نسبت سے شرعی پردہ کرنے کے آٹھ مدنی پھول"**

ہر سطح کی نگران خود اور اس کی شعبہ ذمہ دار 3 بار بغور پڑھ لیں تاکہ اس کے مطابق عمل میں کمی ہو تو دور کیا جاسکے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح نگران و شعبہ ذمہ داران شرعی پردے کے حوالے سے اہم مدنی پھول **"خاتونِ جنت کے 8 حروف کی نسبت سے دعوتِ اسلامی کی وابستگان کے لیے 8 مدنی پھول"** کا ضرور مطالعہ فرمائیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿4﴾ ماہِ ربیع الاوّل کی آمد پر ذیلی حلقہ تا ڈویژن (اوورسیز میں زون) نگران اسلامی بہنیں بالترتیب اپنی ماتحت ذمہ دار اسلامی بہنوں کو مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ کتب و رسائل تحفۃً دیں۔

## کارکردگی فارم جمع کروانے کی تاریخیں

﴿1﴾ ذیلی تا نگران عالمی مجلس مشاورت "کارکردگی برائے حجاب یا نقاب والا برقع" کے مطابق عمل کریں۔

☆ ڈویژن (اوورسیز میں زون) : **8** ربیع الآخر

☆ صوبہ / سٹی: **9** ربیع الآخر

☆ ملک : **10** ربیع الآخر

☆ ریجن اوورسیز : **9** ربیع الآخر

☆ عالمی : **10** ربیع الآخر

﴿2﴾ "کارکردگی برائے حجاب یا نقاب والا برقع" پورے ہونے پر ذیلی نگران اسلامی بہنوں کو سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں اور یوسی / سیکٹر نگران تا ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں ذیلی تا کابینہ) نگران اسلامی بہنوں کو ماہانہ مدنی مشورے میں "تحفہ" (مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتب و رسائل) دے کر حوصلہ افزائی کی جائے۔

﴿یاد رہے کہ "ڈونیشن" سے تحفہ دینے کی اجازت نہیں ہے۔﴾

☆ جسے تحفہ دیا جائے اس سے یہ نیت بھی کروائی جائے کہ کتنے دن میں پڑھ یا سُن لیں گی ؟

☆ تمام ذمہ داران مدنی مشوروں میں اپنی ماتحت ذمہ داران کو یہ ترغیب دلاتی رہیں کہ ماہِ ربیع الاول میں محفلِ نعت کی وجہ سے ہمارے مستقل دینی کام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع، سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت اور مدرسۃ المدینہ (بالغات) حسبِ معمول جاری رہیں۔ اس کا ہرگز نقصان نہ ہو۔

## ماہِ ربیع الاوّل میں ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات ، سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ میں دینی کاموں کا طریقۂ کار

﴾1﴿ ماہِ صفر المظفر کے تیسرے ہفتے، ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں "**رزق میں برکت کا وظیفہ**" بتایا جائے۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ ماہِ ربیع الاوّل کے ہر ہفتے سنتوں بھرے اجتماع میں نعتیں میلاد شریف کے حوالے سے پڑھی جائیں اور اس کا دورانیہ بڑھادیا جائے۔

☆ سنتوں بھرے اجتماع والے دن اگر کوئی ذمہ دار اپنے گھر محفلِ نعت رکھوانا چاہتی ہوں تو ان کے گھر ہفتہ وار اجتماع سے قبل یا بعد میں محفل نعت منعقد کرلی جائے لیکن گھر سنتوں بھرے اجتماع کے مقام کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

﴾2﴿ تمام ذیلی حلقوں میں "12 ربیع الاوّل "سے قبل ہونے والے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں ہی " اجتماع میلاد "کیا جائے کسی اور دن اور کسی اور جگہ نہیں کیا جاسکتا۔

☆ ذیلی نگران اسلامی بہنیں ربیع الاول کے "اجتماعِ میلاد" کی دعوت اپنے ذیلی حلقے کی تمام منسلک اسلامی بہنوں سے رابطہ کرکے دی جائے۔

☆ تمام ذیلی نگران اسلامی بہنیں تمام اجتماع ذمہ داران کو "**ربیع الاول کے خصوصی اجتماعِ میلاد سے متعلق مدنی پھول** "اچھی طرح سمجھا کردے دیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ جن جن ڈویژن میں ممکن ہو وہاں شعبہ فیضانِ مرشد کے یو سی / سیکٹر میں بھی ربیع الاوّل کے سنتوں بھرے اجتماع میں ہی "اجتماعِ میلاد" کیا جائے۔

☆"**ربیع الاوّل کا تشہیری پمفلٹ** "بذریعہ میل وواٹس اپ اپنی ماتحت کی طرف بڑھایا جائے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ تمام سنتوں بھرے اجتماعات و سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقوں میں مکتبۃ المدینہ (للبنات) کے اسٹال پر جھنڈے رکھے جائیں، "ماہِ ربیع الاوّل کے مخصوص کتب ورسائل کی فہرست" کے مطابق سامان (مکتبۃ المدینہ سے باآسانی دستیاب ہو تو)ضرور تیار رکھا جائے۔ اس کو خریدنے، پڑھنے اور تقسیم کرنے کی بھرپور ترغیب دلائی جائے۔

☆ نعلِ پاک کے نقش وغیرہ کے فینسی Badges سجاوٹ کی لائٹیں، سجاوٹ کی فریم (طغرے) اگر کوئی مکتبۃ المدینہ للبنات کے اسٹال پر رکھنا چاہیں تو رکھ لیں مگر سجاوٹ کا ایسا سامان جس میں چمک دار پاؤڈر یعنی افشاں وغیرہ لگی ہو، نہ رکھا جائے۔

☆ ماہِ ربیع الاول کے دنوں میں نقشِ نعلِ پاک اور مختلف بیجز برقع کے اوپر سجائے جاتے ہیں، باہر نکلتے ہوئے یہ نظر نہ آئیں تو مناسب ہے کیونکہ بیج پر توجہ جاتی ہے جو کہ مناسب معلوم نہیں ہوتا۔

تمام تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) کے سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقوں (اگر سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے ہوتے ہوں تو ان) میں صفر المظفر کے مہینے میں " سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقے کا شیڈول جو ہر ماہ مجلس کی جانب سے ملتا ہے کے مطابق عمل کیا جائے۔

﴾3﴿ اگر" 12 ربیع الاوّل"، ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع یا علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت والے دن آئیں تو اس دن اجتماع، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت نہیں ہوگا لہٰذا ایسی صورت میں ایک ہفتے قبل تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں اعلان کے ذریعے آئندہ ہفتے اجتماع یا علاقائی دورہ نہ ہونے کا بتادیا جائے۔

☆ البتہ پاکستان میں جن علاقوں میں 12 ربیع الاوّل کے دن جلوسِ میلاد کی گہما گہمی نہ ہو وہاں سنتوں بھرا اجتماع اور علاقائی دورہ ڈسٹرکٹ نگران کی اجازت سے 12 ربیع الاول کے دن کیا جاسکتا ہے۔

☆ "12 ربیع الاوّل" سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے والے دن آئے تو صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) نگران کی مشاورت سے سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ کا دن تبدیل کرلیا جائے۔

☆ ایسی جگہیں جہاں بارہویں شریف میں جلوس نہ نکلتا ہو اطراف میں اسلامی بہنیں موجود ہوں تو بارہویں شریف والے دن بھی محفلِ نعت میں جاسکتی ہیں۔

☆ بیرونِ ملک میں جہاں 12 ربیع الاوّل کو عام تعطیل نہیں ہوتی اور رش وغیرہ نہیں ہوتا وہاں یہ تمام دینی کام منعقد کرنے میں حرج نہیں۔

☆12 ربیع الاوّل اور 11 ربیع الآخر سے قبل کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں اگر اہلِ خانہ موئے مبارک کی زیارت کروانا چاہیں تو کرواسکتے ہیں لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ مغرب سے اتنے وقت پہلے یہ سلسلہ ختم کردیں کہ اسلامی بہنیں سورج غروب ہونے سے پہلے گھر پہنچ سکیں۔

☆ مخصوص ایام میں موئے مبارک کی زیارت سے متعلق دارالافتاء اہلسنّت سے یہ رہنمائی ملی ہے کہ ! عورت مخصوص ایام میں موئے مبارک کی زیارت کرسکتی ہے، کیونکہ نبیٔ پاک صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ والہٖ وسلم کی ظاہری حیات میں نبیٔ پاک صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ والہٖ وسلم کی زیارت اس حالت میں کرنے پر کسی عورت پر کوئی پابندی یا اعتراض نہیں تھا، تو ظاہری حیات کے بعد صرف موئے مبارک کی زیارت بھی منع نہیں، البتہ حیض کی حالت میں اور اس کے علاوہ باقی احوال میں بھی بہتر یہ ہے کہ باوضو ہوکر زیارت کی جائے کہ ادب کا تقاضہ یہی ہے۔ (کتبہ المتخصص فی الفقہ الاسلامی عبدہ)

# شعبہ رابطہ و شعبۂ تعلیم کے ذریعے محفلِ نعت

﴿1﴾ ماہِ ربیع الاوّل اور ربیع الآخر میں خصوصاً شخصیات ﴿"شخصیات دینی بھی ہوتی ہے اور دنیاوی بھی، آئمہ کرام ومفتیان کرام اسی طرح اگر گاؤں ہے تو کوئی چودھری، تو کوئی وڈیرا تو کوئی زمیندار، تو کوئی سرمایہ دار ہے یہ سب شخصیات کہلاتے ہیں" (مدنی مذاکرہ 81) تو معلوم ہوا کہ شخصیت سے مراد وہ اسلامی بہن ہے جس کے ماتحت چند اسلامی بہنیں ہوں تاکہ شخصیت کے دینی ماحول سے وابستہ ہونے کی صورت میں ماتحت خود ہی وابستہ ہوجائیں گے﴾ کے درمیان بھی درج ذیل مدنی پھولوں کے مطابق محفلِ نعت کا اہتمام کیا جائے۔

☆ شعبۂ تعلیم و شعبہ رابطہ ذمہ دار کوشش کریں کہ ہر ہر شخصیت کے گھر پر محفلِ نعت کی ترکیب ہو یعنی اس کی ترکیب 100٪ فیصد ہو۔

☆ ہر سطح کی شعبہ رابطہ و شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن اپنے مدنی مشوروں میں تعلیمی اور دیگر اداروں میں زیادہ سے زیادہ محفلِ نعت رکھنے کی ترغیب دلائیں۔

☆ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع، سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں بھی اس بات کی ترغیب دلائی جائے کہ شعبہ رابطہ و شعبۂ تعلیم سے تعلق رکھنے والی شخصیات و اداروں میں محفلِ نعت کروانے میں تعاون کیا جائے۔

☆ یاد رہے! کسی بھی تعلیمی یا دیگر ادارے میں اسی صورت میں محفلِ نعت ہو گا کہ جہاں پردے کی مکمل پابندی ہو اور CCT.V کیمرہ نہ ہو۔

☆ "لوگوں سے ان کی عقلوں کے مطابق کلام کرو" کے تحت بیان کے موضوع کا انتخاب کیا جائے۔ مثلاً نماز کا بیان، علمِ دین سیکھنے کے فضائل، تلاوت کے فضائل، مقصدِ حیات، والدین کے حقوق، وقت کی قدر، دینی ماحول کی برکتیں، دعوتِ اسلامی (جامعۃ المدینہ گرلز، مدرسۃ المدینہ گرلز، دارالمدینہ گرلز و فیضانِ آن لائن اکیڈمی وغیرہ) کا تعارف بھی کروایا جائے۔

☆ محفلِ نعت کے آخر میں شخصیات کے نام، رابطہ نمبر اور ایڈریس ضرور تحریر کیے جائیں بعد میں بھی وقتاً فوقتاً ان پر انفرادی کوشش کا سلسلہ رکھا جائے۔ اور دعوتِ اسلامی کے دینی کاموں میں عملاً شامل کیا جائے۔ ☆عالمی تا ذیلی کی بہترین مبلغات شخصیات کے درمیان محفلِ نعت میں بیانات فرمائیں۔

☆جو ذمہ دار اسلامی بہن زیادہ "شخصیات اجتماع" ربیع الاوّل میں کروائے ان کو سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں تحفہ دیا جائے۔

## شعبہ مدرسۃالمدینہ (بالغات)، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورسز،گلی گلی مدرسۃ المدینہ میں اجتماعِ میلاد کا طریقۂ کار

﴿1﴾ تمام مدرسۃالمدینہ (بالغات) اور قرآن ٹیچر ٹریننگ کورسز میں درج ذیل طریقۂ کار اپنایا جائے۔

☆ 10 یا 11 ربیع الاوّل کو "اجتماعِ میلاد" دیئے گئے شیڈول کے مطابق منعقد کیے جائیں۔

**شیڈول**: ﴿**تلاوت:2منٹ، نعت شریف:7منٹ، بیان:26منٹ، ٹیلی تھون کی ترغیب:7منٹ، تحائف تقسیم:10منٹ، دعا:5منٹ، صلوٰۃ وسلام:3 منٹ، (کل دورانیہ:60منٹ، ایک گھنٹہ)**﴾

## گلی گلی مدرسۃ المدینہ کے اجتماعِ میلاد کا شیڈول:

﴿**تلاوت: 3منٹ، نعت شریف:10 منٹ، درس:7منٹ (موضوع: سنت کی اہمیت)، بیان: 15منٹ، ذہنی آزمائش: 15منٹ، تحائف تقسیم:5منٹ، دعا:3منٹ، صلوٰۃ وسلام:2منٹ، (کل دورانیہ:60منٹ، ایک گھنٹہ)**﴾

☆ ماہِ ربیع الاوّل میں سجاوٹ کے لیے دارالافتاء اہلسنّت سے یہ شرعی رہنمائی ملی ہے کہ: ☆وقف عمارت میں سجاوٹ کے لیے لائٹس اور گلوب لگانے کی اجازت نہیں۔ ☆ہلکی پھلکی جھنڈیاں، آرٹیفیشل پھول، لڑیاں وغیرہ لگائی جاسکتی ہیں۔ ☆ کیل کے ساتھ کوئی چیز نہ لگائی جائے۔ ☆ سجاوٹ اس طرح کی جائے کہ دیواروں پر داغ نہ پڑیں۔

☆ اگر مدرسۃالمدینہ (بالغات) کسی کے گھر میں لگتا ہے تو اہل خانہ کو 12 "**جھنڈے**" اور "**12 بلب**" روشن کرنے کا ذہن دیں۔ ﴿سادہ سبز جھنڈے بھی لگا سکتے ہیں مگر مدنی جھنڈوں کو ترجیح دی جائے﴾

☆ اگر کوئی مدرسہ / پڑھنے والی اسلامی بہنیں / اہل خانہ شیرینی تقسیم کرنا چاہیں تو اجازت دے دی جائے۔

☆ مدرسۃ المدینہ (بالغات)، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورسز، گلی گلی مدرسۃ المدینہ کی مُدرِّسہ مع تمام پڑھنے والی اسلامی بہنیں اپنے مدرسے سے قریب والے ہفتہ وار اجتماع کے مقام پر ہونے والے "خصوصی اجتماعِ میلاد" میں ضرور شرکت فرمائیں۔

## ماہِ ربیع الآخر میں مختلف دینی کاموں کا طریقۂ کار

﴿1﴾ ماہ ربیع الاوّل کے آخری ہفتے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں اعلانات کے ذریعے ماہِ ربیع الآخر کی آمد سے قبل اپنے گھروں پر 11 عدد یا ایک ہی جھنڈا لگانے کی ترغیب دلائی جائے۔ (بہتر ہے کہ مدنی جھنڈے مکتبۃ المدینہ للبنات کے اسٹال پر رکھے جائیں۔)

﴿2﴾ ماہ ربیع الاوّل کے آخری ہفتے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں اعلانات کے ذریعے یہ اعلان کیا جائے

**ماہ ربیع الآخر کی چاند رات کے خاص نوافل:** حضرت شاہ کلیم اللہ شاہ جہاں آبادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جو کوئی ماہ ربیع الآخر کی چاند رات کو پہلے دن چار رکعت نفل پڑھے اس طرح کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد صرف 9 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تو ڈھیروں ڈھیر ثواب پائے گا اور اگر 25 بارۂ خلاص پڑھے تو اللہ پاک 80 نیکیاں عطا فرمائے گا اور اس کے 80 گناہ معاف فرمادے گا۔ (اسلامی مہینوں کے فضائل ص87)

☆ماہِ ربیع الآخر کے پہلے ہفتے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں اعلانات کے ذریعے "**نسخۂ بغدادی کی ترغیب**" پڑھ کر سنایا جائے۔ نیز گیارہویں شب (یعنی 11 ربیع الآخر کی رات) کو اپنے اپنے گھر میں صَلٰوۃُ الغوثِیّہ پڑھنے کی ترغیب دلائی جائے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ مکتبۃ المدینہ کا جاری کردہ غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کے ناموں والا کارڈ (جس کے پیچھے نماز کی دعوت ہے) مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لیے اس ماہ کے آغاز ہی سے اجتماعات اور اداروں وغیرہ میں تقسیم کرنے، ہر فرد تک پہنچانے کی ترغیب بھی دلائی جائے۔ (مدنی مذاکرہ 10 ربیع الآخر 1436ھ)

☆ اگر کسی ڈویژن (اوورسیز میں زون) میں 11 ربیع الآخر سے قبل دارالسّنّہ و فیضانِ صحابیات میں کوئی کورس ہو رہا ہو تو ڈویژن (اوورسیز میں زون) نگران اسلامی بہن ناظمہ کے ذریعے **"شیڈول کی دہرائی"** کے وقت **"نسخۂ بغدادی کی ترغیب"** پڑھ کر سنائیں۔

☆ اگر کسی ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) میں اسلامی بہنوں کا روحانی علاج کا بستہ لگتا ہو تو ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہن شعبہ روحانی علاج کی ذمہ دار اسلامی بہن کے ذریعے تمام روحانی علاج کے بستوں پر 11 ربیع الآخر سے قبل یا درس کے بعد **"نسخۂ بغدادی کی ترغیب"** پڑھ کر سنانے کا انتظام کریں۔

﴿3﴾ ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) کے جن تعلیمی و دیگر اداروں میں دعوتِ اسلامی کے تحت درس اجتماع ہوتا ہے وہاں شعبۂ تعلیم ذمہ دار، شعبہ رابطہ ذمہ دار اسلامی بہن (تحصیل / ٹاؤن اوورسیز میں ڈویژن سطح) درس دینے والی معلمات کے ذریعے 11 ربیع الآخر سے قبل درس کے بعد **"نسخۂ بغدادی کی ترغیب"** پڑھ کر سنانے کا انتظام کریں۔

﴿4﴾ ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) کے تحصیل / ٹاؤن اوورسیز میں ڈویژن میں مدرسۃ المدینہ (بالغات)، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورسز، گلی گلی مدرسۃ المدینہ میں مدرسات کے ذریعے 11 ربیع الآخر سے قبل **"نسخۂ بغدادی کی ترغیب"** پڑھ کر سنانے کا انتظام کریں۔

﴿5﴾ **"نسخۂ بغدادی کی ترغیب"** کی پاؤڈر کاپی کروا کر اجتماع میں تقسیم کی جاسکتی ہے۔

## پوچھ گچھ (Follow up)

فرمانِ امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ: **"پوچھ گچھ دینی کاموں کی جان ہے"**
(مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

﴿1﴾ ذیلی حلقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت نگران اسلامی بہن "مدنی پھول برائے ماہِ ربیع الاوّل" میں موجود کام اپنے پاس ڈائری میں بطورِ یادداشت تحریر فرمالیں یا ہائی لائٹ کرلیں تاکہ بروقت ہر مدنی پھول پر عمل ہوسکے۔

☆ ذیلی حلقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت نگران اسلامی بہن اپنی ماتحت ذمہ داران سے ہفتے میں ایک بار ان میں سے اہم مدنی پھولوں سے متعلق پوچھ گچھ ضرور فرمائیں تاکہ دینی کام میں کمزوری نہ رہے۔

﴿2﴾ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن اپنی ماتحت ذمہ دار اسلامی بہن سے ربیع الآخر میں معمول والے ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آئندہ بہتری کے لئے لائحہ عمل تیار کریں۔

﴿3﴾ "مدنی پھول برائے ماہِ ربیع الاوّل" سے متعلق اگر کوئی مدنی مشورہ ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

﴿4﴾ "مدنی پھول برائے ماہِ ربیع الاوّل" سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

﴿5﴾ صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) نگران، ڈویژن (اوورسیز میں زون) نگران اور ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہن شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری انٹرنیٹ مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھا سکتی ہیں۔

﴿6﴾ اپنے ملک کے حالات و نوعیت کے مطابق ملکی ڈسٹرکٹ / زون / میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) کے نگران اور متعلقہ صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) نگران کی اجازت سے ان مدنی پھولوں میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

**یارب مُصْطَفٰی** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم "ہمیں خوش دلی اور اچھی اچھی نیّتوں کے ساتھ جشن ولادت منانے کی توفیق مرحمت فرما اور **جشن ولادت** کے صدقے ہمیں جنت الفردوس میں بے حساب داخلہ عنایت فرما"۔

اٰمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

بخش دے مجھ کو الٰہی بہرِ میلاد النبی
نامۂ اعمال عصیاں سے مرا بھرپور ہے
(وسائلِ بخشش)

﴿یہ مدنی پھول شرعی و تنظیمی تفتیش کے بعد اوکے ہیں﴾